حکومتِ پاکستان

جنوری

۲۰۲۶

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

ہفتہ ۳

۱۵-۲۱ جنوری

قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۲\۸

اسلام آباد، پاکستان

حکومت پاکستان
محکمہ موسمیات
قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز
ہفتہ وار موسم کی صورتحال

فون:051 -9250598
فیکس:051 -9250368

۲۲جنوری،۲۰۲۶

جنوری 2026 کے تیسرے ہفتے (15 تا 21 جنوری) کے دوران پختونخوا کے شمالی حصوں میں بارش ریکارڈ کی گئی، جبکہ ملک کے دیگر علاقوں میں کہیں بھی بارش ریکارڈ نہیں کی گئی، جیسا کہ تصویر 1 میں دکھایا گیا ہے۔ ہفتہ وار معمول (1991-2020) سے بارش کے انحراف کو تصویر 2 میں ظاہر کیا گیا ہے، جو ملک بھر میں معمول سے کم بارش کی نشاندہی کرتا ہے۔ منفی انحراف 25 ملی میٹر تک ریکارڈ کیے گئے۔ خاص طور پر ملک کے بالائی حصوں میں نمایاں طور پر معمول سے کم بارش دیکھی گئی۔



تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم



تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر 3 میں جنوری کے تیسرے ہفتے کے دوران ملک میں اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق ملک بھر میں درجہ حرارت منفی 3 سے 21 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ ملک کے بالائی اور وسطی حصوں میں درجہ حرارت منفی 3 سے 13 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا، جب کہ جنوبی اور مغربی علاقوں میں 13 سے 21 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔

تصویر 4 میں اوسط درجہ حرارت کا ہفتہ وار معمول (1991-2020) سے انحراف پیش کیا گیا ہے۔ اس دوران ملک کے بیشتر حصوں میں معمول سے زیادہ درجہ حرارت رہا۔ مثبت انحراف 0.1 سے 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیے گئے۔ اس کے برعکس، لاہور، جہلم، میانوالی اور جیوانی میں منفی انحراف ریکارڈ کیا گیا، جو 0.5 ڈگری سینٹی گریڈ تک معمول سے کم رہا۔



تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم



تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر 5 میں جنوری کے تیسرے ہفتے کے دوران ملک بھر میں بارش کے معمول (1991-2020) کی مقامی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ معمول کے مطابق اس عرصے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں بارش 1 ملی میٹر سے 50 ملی میٹر کے درمیان ہوتی ہے۔ ملک کے بالائی حصوں میں عموماً 10 سے 50 ملی میٹر تک بارش ریکارڈ کی جاتی ہے، تاہم سندھ اور جنوبی پنجاب میں بارش نہ ہونے کے برابر (ٹریس) رہتی ہے۔

تصویر 6 میں اسی عرصے کے لیے معمول کے اوسط درجہ حرارت (1991-2020) کی مقامی تقسیم پیش کی گئی ہے۔ ملک میں اوسط درجہ حرارت عموماً منفی 2 سے 22 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔ ملک کے بالائی حصوں اور بلوچستان میں نسبتاً کم درجہ حرارت، منفی 2 سے 12 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا جاتا ہے، جبکہ جنوبی علاقوں میں درجہ حرارت 12 سے 22 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔



تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم



تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو دکھاتا ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، جو 13 جنوری سے 19 جنوری 2025 کے دوران مٹی کی نمی کی حالت کو ظاہر کرتے ہیں، جو طویل مدتی اوسط (1948-2012) سے موازنہ کیے گئے ہیں۔ خشک سالی کے اشاریوں کو تاریخی موسمیاتی اعداد کے تناظر میں percentile کی صورت میں ظاہر کیا گیا ہے جہاں کم فیصد (سرخ رنگ) معمول سے خشک حالت کو ظاہر کرتے ہیں اور زیادہ فیصد (نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی والی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔ ملک کے بیشتر حصوں میں مجموعی طور پر خشک حالات غالب ہیں۔ اس کے برعکس شمالی گلگت بلتستان کے شمالی علاقے، تھرپارکر، عمرکوٹ اور ملحقہ علاقوں میں نسبتاً نم (مرطوب) حالات پائے گئے۔



تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

22 سے 28 جنوری کے دوران موسم کی پیشنگوئی

خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان، اسلام آباد، پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے وقفے وقفے سے بارش متوقع ہے، جبکہ پہاڑی علاقوں میں باری کا امکان ہے۔ خصوصاً چترال، دیر، سوات، کالام، شانگلہ، کوہستان، بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، مری، گلیات، نیلم ویلی، باغ، حویلیاں اور راولا کوٹ میں شدید برفباری کی پیشنگوئی کی گئی ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

January
2026

Pakistan Meteorological Department

Weekly Weather Update

Week-3

15th- 21st January

National Drought Monitoring and Early Warning Centre

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
(National Drought Monitoring Centre)
Islamabad

Dated: 22 January, 2026

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Weekly Weather Update

During the third week of January 2026 (15th-21st January), rainfall was recorded in the northern parts of Khyber Pakhtunkhwa whereas, no rainfall was observed elsewhere, as depicted in Figure 1. The departure of rainfall from the weekly normal (1991-2020), illustrated in Figure 2, indicates below-normal rainfall nationwide, characterized by negative anomalies reaching 25 mm. Notably, the upper parts of the country exhibited significant below-normal rainfall.



Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)



Figure 2: Departure of Rainfall (mm)

Figure 3 illustrates the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the third week of January, showing a nationwide range of -3°C to 21°C. The upper and central parts of the country recorded temperatures between -3°C and 13°C, whereas the southern and western regions recorded values ranging from 13°C to 21°C.

Figure 4 presents the departure of mean temperature from the weekly normal (1991-2020). During this period, above-normal temperatures prevailed in most parts of the country, with positive anomalies ranging from 0.1°C to 6°C. Conversely, marginally below-normal temperatures of up to 0.5°C were observed in Lahore, Jhelum, Mianwali, and Jiwani.





Figure 3:Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)

Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)

Figure 5 illustrates the spatial distribution of normal rainfall (1991-2020) across the country for the third week of January. Climatologically, most parts of the country receive rainfall ranging from 1 mm to 50 mm during this period. The upper parts of the country typically record rainfall between 10 mm and 50 mm; however, rainfall remains at trace levels in Sindh and southern Punjab.

Figure 6 depicts the spatial distribution of normal mean temperature (1991-2020) for the same period. Mean temperatures typically range from -2°C to 22°C nationwide. The upper parts of the country and Balochistan record lower temperatures between -2°C and 12°C, while the southern regions experience temperatures ranging from 12°C to 22°C.





Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)

Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature (°C)

Figure 7 illustrates deviations in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, depicting soil moisture conditions during the period from 13 to 19 January 2025, compared with the long-term average (1948-2012). Drought indicators are presented in the form of percentiles based on historical climatic data, where lower percentiles (red shades) indicate drier-than-normal conditions, while higher percentiles (blue shades) represent wetter-than-normal conditions. Predominantly dry conditions prevailed across the country; conversely, the northern parts of GB, Tharparkar, Umerkot, and adjoining areas indicate wetter conditions.



Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)

Forecast for 22nd to 28th January 2026

Widespread intermittent rain, accompanied by strong winds and thunderstorms, is forecasted for Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir, Gilgit-Baltistan, Islamabad, Punjab, Sindh, and Balochistan, with snowfall likely in the hilly terrain. Notably, heavy snowfall is anticipated in Chitral, Dir, Swat, Kalam, Shangla, Kohistan, Battagram, Mansehra, Abbottabad, Murree, Galiyat, Neelum Valley, Bagh, Havelian, and Rawalakot.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php